۲۰۸ صفحات - قیمت مجلّد للعہ - پتہ :- مجلس تحقیقات و نشریاتِ اسلام - ندوۃ العلماء لکھنؤ -

اُردو زبان میں سیرتِ نبوی پر چھوٹی بڑی سیکڑوں - اور ایک سے ایک اچھی کتابیں لکھی جاچکی ہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے - لیکن یہ کتاب جو کہنے کو آٹھ مقالات اور حضورؐ کے چند خطبوں، حدیثوں اور دعاؤں کا مجموعہ ہے عجیب و غریب اور اپنی نوعیت میں بالکل منفرد کتاب ہے - گویا عام کہاوت کے مطابق دریا کو کوزہ میں بند کر دیا گیا ہے - فاضل مصنف پولیٹیکل سائنس میں ڈاکٹر ہیں اور انگریزی زبان کے اسلامی لٹریچر پر اُن کی نگاہ بڑی وسیع اور بصیرانہ ہے، دوسری جانب عربی اور اُردو کے ذخیرۂ سیرتِ نبوی پر پوری طرح حاوی ہیں - عہدِ جدید کے تمدنی - عمرانی - معاشی مسائل اور جدید ذہنی و فکری رجحانات سے خوب واقف ہیں - پھر لکھنوی ہونے کی وجہ سے زبان و بیان پر پوری قدرت اور طرز ادا میں بڑا رکھ رکھاؤ اور شگفتگی بھی ہے - مزید برآں سینہ حب و عشقِ رسول کا گنجینہ ہے - غرض کہ کمی کس چیز کی تھی ؟ ان ہشت مقالات میں نبوت کے مقام و منصب، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی اور مدنی زندگی، اخلاق و کمالات روحانیت کے اعلیٰ اوصاف کے ساتھ نظم و نسق اور قیادت کے بلند ترین صفات، آپ کا پیغام، اُس کے مختلف پہلو اُس کی تبلیغ و اشاعت، اس کے طریقے - بعض اعتراضات اور اُن کے جوابات - ان سب پر اس خوبی اور عمدگی سے کلام کیا ہے کہ ایک ایک جملہ دل میں گھر کرتا چلا جاتا ہے اور عصرِ نو کے افکارِ حاضرہ کا اثر بھی راہ میں حائل نہیں ہوتا - خیر الکلام ما قال و دل کا مصداق ہوتے کے اعتبار سے خطباتِ مدراس کے بعد اس کا نمبر اگرچہ دوسرا ہے - لیکن زبان کی شگفتگی اور جدید معلومات کے رو سے یہ کتاب اس پر بھی سبقت لے گئی ہے - شروع میں مولانا ابوالحسن علی میاں کا مقدمہ ہے جس میں اُنھوں نے دل کھول کر داد دی ہے اور حق یہ ہے کہ بالکل بجا دی ہے - حق تعالےٰ لائق مؤلف کی اس خدمت سنیہ کو شرفِ قبول عطا فرما کر مسلمانوں اور غیر مسلموں کو اس کے مطالعہ کی توفیق بخشے -

تاریخ ابنِ خلدون مترجمہ ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ - تقطیع کلاں - ضخامت ۴۴۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر - قیمت ۱۵ روپیہ - پتہ :- محمد شمس الدین صاحب - تاجر کتب - چوک مینا بازار انار کلی لاہور - ہندوستان میں :- نظامی بک ایجنسی بدایوں -